کی سرحد سے ملحق تقریباً سات آٹھ صد میل لمبا اور یکصد میل کے لگ بھگ چوڑا ہے آزاد کشمیر کہلاتا ہے۔
اس کے پانچ اضلاع میں سے ضلع میرپور انتہائی جنوب میں واقع ہے۔ اس ضلع کی سرحدیں مغرب میں پنجاب
کے اضلاع راولپنڈی، جہلم اور گجرات سے ملتی ہیں جنوب میں ضلع سیالکوٹ اور مقبوضہ کشمیر کا علاقہ ہے۔ اس
کی تین تحصیلیں میرپور، بھمبر اور ڈڈیال ہیں۔ موجودہ ضلع کوٹلی ضلع میرپور کی ایک تحصیل تھی لیکن ۱۹۷۵ء میں
اسے ضلع بنا دیا گیا۔

ضلع میرپور کے مشہور قصبہ جات میں میرپور کو اولیت حاصل ہے۔ میرپور ضلع جہلم کے شہر دینہ سے تین
کلومیٹر اور جہلم سے ۲۵ کلومیٹر مشرق کی جانب واقع ہے۔ دینہ سے میرپور جانے کے لئے دنیا کی مشہور جھیل منگلا
کے پل وے سے گزرنا ہوتا ہے۔ منگلا ڈیم ضلع میرپور کے وسط میں پاکستان کی سرحد کے ساتھ دریائے پونچھ
اور جہلم کے دہانے پر تعمیر کی گئی ہے۔ جس کا رقبہ دو صد مربعہ میل ہے۔ جس میں کروڑوں ایکڑ فٹ پانی جمع ہو کر
پاکستان کے صوبہ پنجاب کو سیراب کرتا ہے۔ یہاں ایک بجلی گھر بھی ہے۔ جہاں سے بڑی مقدار میں بجلی حاصل کی
جاتی ہے۔ جو پاکستان کے نیشنل گرڈ سے جوڑ دی گئی ہے۔ میرپور شہر کے ارد گرد اڑھائی درجن سے زیادہ
کارخانے اور فیکٹریاں دن رات کام کر رہے ہیں۔ جن میں ویسپا اسکوٹر فیکٹری زیادہ مشہور ہے۔ ان کارخانوں
میں ہزاروں مزدور کام کرتے ہیں۔

ضلع میرپور کی آبادی چھ لاکھ کے لگ بھگ ہے۔ میرپور شہر سے درجنوں سڑکیں اندرونی علاقوں کو اور دو
بڑی سڑکیں پاکستان کو جاتی ہیں۔ ایک میرپور دینہ براستہ منگلا، دوسری میرپور جہلم براستہ جاتلاں سرائے عالمگیر
کے مقام پر جی ٹی روڈ سے ملتی ہے۔ دیگر سڑکوں میں میرپور کوٹلی روڈ اور میرپور بھمبر روڈ زیادہ معروف ہیں۔
میرپور کوٹلی روڈ پر واقع مشہور قصبہ جات میں کاکڑہ ٹاؤن۔ اکالگڑھ۔ چک سواری اور پلاک مشہور ہیں۔ پلاک
سے ڈڈیال بطرف غرب دس کلومیٹر ہے۔ ڈڈیال شہر سے شمال میں تحصیل ڈڈیال کا علاقہ ہے جہاں آمدورفت کی
بہتر سہولیات میسر نہیں پھر بھی درجنوں کچی پکی سڑکیں موجود ہیں۔ یہاں ہر قسم کی ٹریفک ہمہ وقت رواں دواں
رہتی ہے۔ ڈڈیال کے جنوب میں منگلا جھیل ہے جبکہ شمال اور مشرق میں ضلع کوٹلی اور مغرب میں پاکستان ہے۔
کاکڑہ ٹاؤن اور اکالگڑھ روڈ کے وسط سے ایک سڑک براستہ پیر گلی وادی سماہنی سے ہوتی ہوئی بھمبر کی طرف جاتی
ہے۔ پیر گلی سے ایک سڑک براستہ چڑھوئی ڈونگی کھوئی رٹہ اور حد متارکہ جنگ کے متصل علاقوں کو جاتی ہے۔
ادھر میرپور سے بھمبر براستہ جاتلاں کے قصبہ جات میں مشہور قصبہ چیچیاں جو حضرت پیر شاہ غازی اور سیف

ملوک کے مشہور مصنف حضرت میاں محمد بخش صاحب کے مزارات کی نسبت بہت مشہور ہے۔ اس کے بعد
بڑی بہروال، افضل پور اور جاتلاں نہر پر جہلم کے کناروں پر واقع ہے۔ جاتلاں سے بھمبر کی جانب۔ کلری،
بنڈی، سماہن اور بھمبر مشہور مقامات آتے ہیں۔ بھمبر سے برنالہ۔ چک بیمل اور سماہنی تک پختہ روڈ موجود
ہے۔ برنالہ ٹاؤن سے ایک سڑک مشرق کی جانب حد متارکہ جنگ کو جاتی ہے۔ راستہ میں تھب کا مشہور قصبہ
ہے۔ کنٹرول لائن کے ساتھ ساتھ دو مواضعات نیلی اور بنی وغیرہ میں مہاجر اعوانوں کی کافی تعداد موجود ہے۔
بحیثیت مجموعی دیگر اضلاع کے مقابلہ میں، میرپور کے لوگ مالی لحاظ سے زیادہ آسودہ حال ہیں۔ کیوں کہ ان
لوگوں کی بڑی تعداد یورپ، امریکہ، عرب ممالک اور دنیا کے دیگر حصوں میں ملازمت اور کاروبار کرتے ہیں۔
میرپور ضلع میں جٹ قبیلہ کی اکثریت ہے ان کے علاوہ چب، گوجر، اعوان، مغل، منہاس اور درجنوں دیگر قبیلے بھی
آباد ہیں۔

اس ضلع میں اعوان برادری مجموعی طور پر پسماندہ ہے۔ اعوان کہیں بھی یکجا صورت میں آباد نہیں ہیں۔
تحصیل میرپور کی یونین کونسل جاتلاں میں ان کی آبادی کسی حد تک یکجا موجود ہے۔ لیکن یہاں بھی اتحاد و اتفاق
اور باہمی رابطوں کا فقدان ہے۔ جس کی وجہ سے یہ لوگ کافی پسماندہ ہیں۔ اعوانوں میں تعلیم کی بہت کمی ہے۔
سیاسی طور پر بھی میرپور کے اعوان سب سے پیچھے ہیں۔ ان میں سیاسی لیڈر شپ کی بے حد کمی ہے۔ یہی وجہ ہے
کہ سرکاری انتظامیہ میں ان کا کوئی عمل دخل نہیں ہے۔

ضلع میرپور میں اعوانوں کی آبادی دور دور علاقوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ میرپور شہر اور ڈڈیال کے درمیان
منگلا جھیل ہے جو میرپور شہر کے شمال میں ہے۔ ڈڈیال جانے کیلئے میرپور شہر سے جھیل کے مشرقی کنارے کے
ساتھ ساتھ چالیس پچاس میل کا سفر طے کرنا پڑتا ہے۔ ڈڈیال سے دس میل مغرب میں خادم آباد کے نزدیک
منگلا جھیل کے شمالی کنارہ پر واقع اگر نام کا ایک گاؤں ہے جہاں سب اعوان آباد ہیں۔ تحصیل ڈڈیال کے باقی
علاقوں میں جو اس کے شمال میں واقع ہیں، میں اعوانوں کی آبادی خال خال ہے۔

میرپور شہر کے ملحق سنگوٹ میں اعوانوں کے چند گھرانے آباد ہیں۔ میرپور کے جنوب میں یونین کونسل جا
تلاں، الفار، گوہڑہ اعواناں، بدر بیس، قاضی چک، برسالی، نواں گراں، چک گیاں، گھسیٹ پور، رائے پور کلاں
اور رائے پور خورد میں اعوان برادری کی آبادی موجود ہے۔ میرپور کوٹلی روڈ پر اندرہ گاؤں میں اعوانوں کی
غالب اکثریت ہے۔

میرپور سے بھمبر کا فاصلہ ۴۸ کلومیٹر ہے۔ بھمبر میں مختلف علاقوں میں اعوانوں کی آبادیاں موجود ہیں۔ زیادہ
تعداد ۱۹۴۷ء کے مہاجرین کی ہے جو صوبہ جموں سے نقل مکانی کر کے اس علاقہ میں موجود متروکہ جائیدادوں پر
قابض ہو گئے۔ اعوانوں کی بڑی تعداد پاکستان کے ملحقہ علاقوں میں آباد ہے۔ تحصیل بھمبر کے علاقہ سماہنی میں

واقعہ دو مضافات گولڑے اور ملکے ہیں جہاں مقامی اعوان آباد ہیں۔ موضع پڑھاڑ نزد برنالہ میں بھی اعوانوں کی کچھ آبادی ہے۔ برنالہ کے مشرق میں موضع ڈوبے میں بڑی تعداد میں اعوان آباد ہیں۔ برنالہ کے شمال میں علاقہ امزیالہ ہے جس کے مضافات جاپلی' باغ' چوروھکی' ڈھک' چنبہ اور کیری اعوانان میں مہاجر اعوانوں کی آبادی ہے۔

ضلع میرپور میں کیری اعوانان' بھمبر اور گوہڑہ اعوانان' اعوان قبیلہ کے یادگار گاؤں ہیں۔ ضلع میرپور میں زیادہ تعداد گولڑے اور کلاتی اعوانوں کی ہے۔ قلیل تعداد میں محمد علی چوہان یا چہان کی اولاد سے اعوان بھی موجود ہیں۔ باب الاعوان کے صفحہ ۵۴ کے مطابق چوہان دراصل ہنود ہند سے ایک قوم ہے۔ ان ہی میں سے عون قطب شاہ کی ایک بیوی بی بی خدیجہ چوہانیہ تھی۔ اس کا باپ قوم چوہان کا رئیس تھا۔ والدہ کی رعائیت سے چہان یا چوہان اعوان کہلاتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ضلع میرپور آزاد کشمیر میں آباد یہ لوگ چوہان اعوان نہیں بلکہ چوہان راجپوت ہیں۔

ضلع میرپور کے مندرجہ ذیل علاقوں میں اعوان آبادیاں موجود ہیں۔

میرپور' گوہڑہ اعوانان' القار' بدرہنس' برسالی' قاضی چک' نواں گراں' رائے پور کلاں' رائے پور خورد' کھیسٹ پور' چک کھیاں' موضع ڈوبے' موضع جاپلی' باغ' ڈھک' چنبہ' کیری اعوانان' موضع پڑھاڑ' مواضعات گولڑے اور ملکے علاقہ سماہنی تحصیل بھمبر' موضع اکر' ڈڈیال۔

ضلع کوٹلی (آزاد کشمیر)

آزاد کشمیر کا پانچواں ضلع کوٹلی ہے۔ کوٹلی ضلع میرپور کی ایک تحصیل تھی جسے ۱۹۷۵ء میں ضلع بنا دیا گیا۔ اس کی تین تحصیلیں کوٹلی' نکیال اور سہنسہ ہیں۔ اس کے شمال میں ضلع پونچھ جنوب میں میرپور' مشرق میں مقبوضہ کشمیر اور مغرب میں پاکستان کا ضلع راولپنڈی ہے۔ اس کی آبادی چار لاکھ سے کچھ زیادہ ہے۔ کوٹلی شہر دریائے پونچھ کے بائیں کنارے پر ایک میدان میں آباد ہے اس کے گردونواح میں اونچے پہاڑ ہیں۔ کوٹلی شہر سے پانچ بڑی سڑکیں مختلف اطراف کو نکلتی ہیں یہ سڑکیں شہر سے ملحق تمیں بلند قامت پہاڑوں کو عبور کرتی ہیں جہاں سے گزرتے ہوئے کوٹلی شہر کی خوبصورتی اور دلکشی کی مثال نہیں ملتی' یہ سڑکیں پلندری روڈ' نکیال روڈ اور ہجیرہ روڈ کے ناموں سے منسوب ہیں۔ کوٹلی پلندری روڈ دریائے پونچھ کو عبور کرتے ہوئے وادی سرساوہ ونجیڑہ میں داخل ہوتی ہے جبکہ کوٹلی ہجیرہ روڈ دریائے پونچھ کے بائیں کنارے وادی تاہی منڈھول جاتی ہے۔ تتہ پانی کے مقام پر دریا کو عبور کرکے دائیں کنارے پر واقعہ سڑک ضلع پونچھ میں داخل ہوتی ہے۔ کوٹلی شہر سے ڈیڑھ میل دور سارہ وہ پہاڑی گلی سے شاہراہ ہجیرہ سے الگ ہوکر نکیال روڈ نکیال تک جاتی ہے۔ تتہ پانی ضلع کوٹلی اور ضلع پونچھ کی سرحد پر واقعہ ایک گاؤں ہے جہاں گرم ابلتے پانی کا ایک چشمہ ہے۔ جنوب میں کوٹلی کھوئی رٹہ روڈ اور کوٹلی راولپنڈی سڑک ہے۔ کوٹلی راولپنڈی روڈ دریائے پونچھ کے بائیں کنارے کے ساتھ ساتھ جنوب کو بارہ میل دور گلپور تک جاتی ہے جہاں سے دریا کو عبور کرکے وادی سہنسہ میں داخل ہوتی ہے اس کی دوسری شاخ گلپور سے براستہ ناڑ' راجدھانی' پلاک وغیرہ میرپور کو جاتی ہے۔

ضلع کوٹلی میں جٹ' گوجر' بینس' منہاس ملک' منگرال' اعوان' تھکیال' ڈوال' اور سدھن قبیلوں کے علاوہ درجنوں دیگر برادریاں آباد ہیں۔ تحصیل نکیال میں اعوانوں کی آبادی بہت کم ہے البتہ کوٹلی اور سہنسہ میں اعوان بڑی تعداد میں موجود ہیں تحصیل کوٹلی کے مواضعات' کیمٹی' درگوتی' میری علاقہ کھوئی رٹہ اور گیاہ' کرتی' کہنی اور سرساوہ میں اعوانوں کی آبادیاں ہیں تحصیل سہنسہ کے دیہات پوٹھہ' اینٹی' لنگرا اعوانان' ناون' دیول اور رسیلی میں اعوان آباد ہیں علاوہ ازیں دیگر دیہات میں اعوانوں کی آبادی بہت کم ہے۔

آزاد کشمیر کے دیگر علاقوں کی طرح کوٹلی میں بھی اعوان برادری پسماندگی کا شکار ہے یہاں ضلعی سطح تک بھی سیاسی قیادت کا فقدان ہے سرکاری سروسز میں اعوانوں کی نمائندگی صفر ہے۔

الاعوان ویلفیئر سوسائٹی ضلع کوٹلی نے مختلف مقامات پر دیہی تنظیمیں قائم کر رکھی ہیں ان تنظیموں میں دیہی تنظیم ونجیڑہ' دیہی تنظیم تلی' دیہی تنظیم کیمٹی' دیہی تنظیم پوٹھہ' دیہی تنظیم لنگرا اعوانان' دیہی تنظیم رسیلی' اور دیہی تنظیم بگاہ قابل ذکر ہیں۔

اعوان خاندان علاقہ وینجیرہ ضلع کوٹلی آزاد کشمیر : اعوانان پونچھ جو مختلف ادوار میں نقل مکانی کرکے دوسری جگہوں میں آباد ہو گئے وہ بھی لاتعداد ہیں جن میں تحصیل پلندری کے موضع بھنڈا بلگ ... چھتروڑہ خاص کر قابل ذکر ہیں یہ خاندان ہجیرہ کے قریب رتہ بروٹ کی اعوان برادری سے تعلق رکھتا ہے زمانہ قدیم میں ان کا ایک بزرگ جو تورا کے نام سے موسوم تھا۔ تحصیل پلندری موضع بھنڈا بلگ کے رقبہ چھتروڑہ میں آباد ہو گیا۔ خاندانی چپقلش کی وجہ سے سدہن قبیلہ کا ایک فرد قتل ہو گیا اور دشمنی میں مزید اضافہ ہوتا چلا گیا جس کی وجہ سے خاندان سرسادہ کوٹلہ چلا آیا

موضع کوٹلہ میں اعوان قطب شاہی کے تین گھنے آباد ہیں جو ضلع پونچھ مرکز ہجیرہ کے نواحی گاؤں پھگوانی اور تیتر منوٹ اور رکڑ سے نقل مکانی کرکے کوٹلہ ہسپتال کے قریب آباد ہیں اور کافی اراضی کے مالک ہیں موضع پھگوانی سے تعلق رکھنے والے افراد مزمل علی کگان کی سولویں پشت سے ہیں ان کے رشتہ دار اب بھی موضع پھگوانی میں آباد ہیں۔

بوہرہ دوٹہ میں اعوان قطب شاہی برادری کے صرف دو گھر ہیں۔ منڈیاں وینجیرہ میں بھی اعوان آباد ہیں۔

ضلع باغ وراولاکوٹ (آزاد کشمیر)

ضلع باغ : ضلع باغ آزاد جموں وکشمیر کا مشہور ضلع ہے یہ ضلع پونچھ اور اس سے پہلے سابق ریاست پونچھ کا ایک حصہ تھا۔ تحصیل باغ اور نصف سے کچھ زیادہ تحصیل حویلی کو ملا کر ۱۹۸۹ء میں ضلع بنا دیا گیا۔ اس کی تین تحصیلیں ہیں باغ، دھیرکوٹ اور کہوٹہ۔ یہ تینوں تحصیلیں اپنے اپنے رقبہ اور وسعت سے "شرقاً" "غرباً" پھیلی ہوئی ہیں وسط میں باغ اور مشرق میں حویلی، باغ اور حویلی کے درمیان ایک پختہ سڑک موجود ہے جو دھلی سے گزر کر کوہ نکہ کو عبور کرتی ہوئی دو شاخوں میں بٹ جاتی ہے ایک شاخ درہ حاجی پیر کے نزدیک مشہور صحت افزا مقام علی آباد سے اترتی ہوئی کہوٹہ کو اور دوسری براستہ ناگاناڑی اور شیروڈھارا وغیرہ کے محمد گلی کے مقام پر ہجیرہ کہوٹہ روڈ سے مل جاتی ہے۔ باغ سے ۲۳ میل مغرب میں دھیرکوٹ ایک اونچی پہاڑی پر واقع ہے جو باغ اور کوہالہ کے وسط میں بڑی شاہراہ پر واقعہ ہے یہی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہے۔ کوہ نکہ بارہ چودہ ہزار فٹ اونچا سلسلہ کوہ ہے جو راولاکوٹ کے نزدیک کوہ تولی پیر سے شروع ہو کر کوہ نکہ، کوہ پیر کشمی اور گنگا چوٹی وغیرہ کو ملاتے ہوئے ایک کوس کی شکل میں دھیرکوٹ کے نزدیک نیلہ بٹ کے مقام پر ختم ہوتا ہے پیر کشمی سے گنگا چوٹی اور پھر دھیرکوٹ کے شمال میں ضلع مظفر آباد واقع ہے۔ نیلہ بٹ وہی تاریخی مقام ہے جہاں سے سردار محمد عبدالقیوم خان نے ڈوگروں کے خلاف ۱۹۴۷ء میں جدوجہد شروع کی تھی اور مجاہد اول کہلائے۔

ضلع باغ کی آبادی "تقریباً" چار لاکھ نفوس پر مشتمل ہے جن میں اعوان، سید، ملدیال، گوجر، راٹھور، کشمیری، نارمہ، گکھڑ، کھکھے، ڈھونڈ عباسی اور تیزیال بڑی قومیں شامل ہیں متعدد دیگر قومیں بھی تھوڑی تعداد میں آباد ہیں۔

تحصیل دھیرکوٹ : تحصیل دھیرکوٹ کے مغرب میں پاکستانی سرحد کے ساتھ ساتھ ڈھونڈ عباسی قبیلہ کی کثیر آبادی ہے اس کے ملحق دھیرکوٹ اور ملوٹ کی پہاڑیوں کے درمیانی علاقہ میں تیزیال قوم کی اکثریت ہے۔ ملوٹ اور کفل گڑھ وغیرہ میں نارمہ قوم ہے جبکہ اس کے مشرق میں "تحصیل باغ" کا علاقہ ہے یہاں کھکھے راجپوت ہیں جبکہ باغ اور اس کے مشرق میں ملدیال اور گوجر قبیلے بھاری تعداد میں آباد ہیں۔ باغ کے جنوب اور جنوب مشرق میں سید، گکھڑ، ہوتیل اور دیگر چھوٹی قومیں ہیں۔ باغ کے شمال میں سدھن گلی کے مقام پر سدھن قوم کی آبادی ہے۔

تحصیل حویلی : تحصیل حویلی کے مرکزی مقام کہوٹہ کے ارد گرد گوجر، راٹھور اور کشمیری ہیں جبکہ وادی سدھروان میں راٹھور قوم کی اکثریت ہے۔ عباس پور کے علاقہ میں گوجر، کشمیری اور ملدیال زیادہ رہتے ہیں۔ اقلیتی اقوام کے ساتھ ساتھ اعوان بھی خال خال ہیں لیکن ضلع باغ کی تینوں تحصیلوں میں ستراسی ہزار اعوانوا

کی آبادی کثیر تعداد میں ہے۔ تحصیل باغ میں ایک ایسا علاقہ بھی ہے جہاں اعوانوں کے علاوہ کوئی دوسرا قبیلہ موجود نہیں جہاں تسلسل کے ساتھ سات گاؤں ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔ جنہیں سنگولہ کہا جاتا ہے یہ گاؤں ناڑہ، کلس، نکر، ہماڑی، ہمب، دین اور بنی ہیں۔

ضلع پونچھ تحصیل راولاکوٹ کی یونین کونسل، دھمنی سنگولہ سے منسلک ہے اس کے شمال اور شمال مشرق میں متعدد دیہاتوں میں اعوان آباد ہیں سنگولہ کے مشرق میں ضلع پونچھ کی تحصیل راولاکوٹ کے گاؤں بن بہک، باسوہ، پھگر، کھوکوٹ اور جبوتہ میں بھی اعوانوں کی کثیر تعداد ہے ان علاقوں میں اعوانوں کی یکجا صورت میں موجودگی ان کی حریف مغل قوم کی ایک شاخ سدیال قبیلے کے ساتھ ٹکراؤ کا نتیجہ ہے۔ سدیال قوم کے ایک سردار سیوولی خان سنگولہ کو اپنا مطیع رکھنا چاہتے تھے۔ تب راجی کے زمانہ میں قبائل کی باہمی رقابتیں عروج پر تھیں اس سلسلہ میں متعدد لڑائیاں بھی ہوئیں لیکن دشمن کو ہمیشہ شکست ہوتی رہی۔ اعوانان سنگولہ کے راہنما سردار تاجو خان اعوان ہمہ گیر و پر عزم شخصیت کے مالک تھے۔ تاجو خان دراز قد، نڈر، بے باک، وجیہہ اور خوبصورت ہونے کے ساتھ متقی پرہیز گار انسان تھے وہ حالات کو ہمیشہ اپنی گرفت میں رکھنے کے عادی تھے۔ تاجو خان نے سنگولہ اور اس کے گردو نواح کے علاقوں پر مشتمل جو ریاست قائم کی ہوئی تھی سدیال سردار اسے حریص نگاہوں سے دیکھتے تھے اور موقعہ ملتے ہی سنگولہ پر حملہ کر دیتے تھے لیکن تاجو خان کی دلیر و بے باک قیادت میں اللہ تعالیٰ نے سنگولہ والوں کو ہمیشہ فتح و نصرت سے نوازا۔ جنگ و جدل کا یہ سلسلہ جاری تھا کہ کشمیر ڈوگروں کو منتقل ہوا۔ ڈوگروں کی عملداری قائم ہوتے ہی سیوولی خان کو اپنے علاقہ پر اور تاجو خان کو سنگولہ کے خود مختار علاقہ پر نمبردار مقرر کر دیا گیا۔

سنگولہ : سنگولہ تحصیل باغ کا ایک مشہور معروف گاؤں ہے وسیع و عریض رقبہ پر محیط ہے اس کی آبادی ۱۹۸۱ء میں ۳۱۸۵ نفوس پر مشتمل تھی یہاں چند صنعت کاروں کے گھروں کے سوا باقی سب آبادی اعوان ہی ہیں اس سے قبل یہ علاقہ غیر آباد، اجاڑ اور جنگل تھا مدت بعید گزری کہ کسی اعوان بزرگ نے اس دیہہ کی بنیاد ڈالی۔

موضع سنگولہ اب یونین کونسل ہے سنگولہ کے شمال میں سالیاں ملایاں اور ضلع باغ کا ہیڈ کوارٹر ہے جنوب میں چک دھمنی ایئرپورٹ تحصیل راولاکوٹ مشرق میں بھوئی بن بیک وغیرہ اعوان علی سوجل تحصیل راولاکوٹ اور مغرب میں ضلع ہیڈ کوارٹر راولاکوٹ پونچھ اور دریائی بجھی اور پڑات کا علاقہ ہے یہ کوہستانی وادی نما علاقہ وسیع و عریض ضلع باغ اور ضلع ہیڈ کوارٹر راولاکوٹ کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔

یونین کونسل سنگولہ کا رقبہ تقریباً [illegible] کلومیٹر پر محیط ہے اور آبادی ۱۹۹۸ء میں [illegible] ہزار تھی۔ پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے آبادی قطعوں کی بجائے بکھری ہوئی ہے پہاڑوں کے دامن میں معمولی نوعیت کی زراعت ہوتی ہے چونکہ بارانی علاقہ ہے پہاڑوں کی اور [illegible] کی وجہ سے قدرتی چشمے اور ندی نالوں سے پینے کا پانی دستیاب

ہے لوگ عام طور پر ملازمت پیشہ ہیں آبادی کا ۹۰ فیصد پاکستان کی افواج سے وابستہ ہے جبکہ دوسری بڑی تعداد محکمہ تعلیم سے وابستہ ہے۔

جنگ عظیم اول کے دوران یہاں کے دو ڈھائی سو بہادر اور جری فوجی بیرون ملک خدمات انجام دیتے رہے۔ دوسری جنگ عظیم میں یہ تعداد دو ڈھائی ہزار تک پہنچی جبکہ بعد میں جہاد کشمیر ۱۹۴۷ء میں سنگولہ سے تین بٹالین فوج شریک جہاد ہوئی۔

سیکنڈ باغ بٹالین کرنل منصب دار خان اعوان تھرڈ باغ بٹالین کرنل عالمشیر خان اعوان اور فور باغ بٹالین جتھہ کرنل غلام رسول خان اعوان شیر جنگ فخر کشمیر کی قیادت میں حصہ لیا۔ ایک تاریخی ریکارڈ ہے کہ ۳۲ آرمی کی پلاٹون ایک رات کو پونچھ محاذ پر شہید ہوئی اور ۱۹۴۷ء، ۱۹۶۵ء، ۱۹۷۱ء کی جنگوں میں ۸۰ سے زیادہ اعوان سپوتوں نے پاک دھرتی کی حفاظت کے لئے جام شہادت نوش کیا جہاں یہ خانوادہ اعوان آباد ہیں وہاں سڑک موجود ہے۔ گاڑیوں کے علاوہ خچر گدھے سے بھی باربرداری کا کام لیا جاتا ہے نزدیک ترین ایئرپورٹ چک دھمنی ہے عام طور پر تجارت بجلی راشن سپلائی ڈاک سروس راولاکوٹ سے رہتی ہے بعض اشیاء باغ سے بھی لائی جاتی ہیں باوجود اس کے کہ ضلع تحصیل تھانہ جیسے دفاتر باغ میں ہیں لیکن سنگولہ باغ سے دور اور راولاکوٹ کے بہت قریب ہے اور زیادہ تر رسل و رسائل راولاکوٹ سے ہوتے ہیں آبادی کا میلان، رجحان اور شکل و صورت راولاکوٹ سے ملتا جلتا ہے۔ جغرافیائی حالات بھی راولاکوٹ سے آسان اور باغ سے دور اور مشکل ہیں۔ مواصلات کا سارا نظام اس وقت تک راولاکوٹ سے ہی ہو رہا ہے۔

۱۹۳۶ء میں سنگولہ میں ایک پرائمری اسکول اور ۲۱ مساجد تھیں جن میں اسلامیات اور علوم قرآنی کی تعلیم دی جاتی تھی۔ اردو عربی خواندہ کافی تعداد میں ہیں لیکن گنتی کے چند لوگ انٹر پاس ہیں جو اردو اور عربی کے علاوہ انگریزی [illegible] فارسی زبانوں پر بھی عبور رکھتے ہیں اس وقت سنگولہ میں اسکولوں کی مجموعی تعداد ۱۳ اور مساجد ۴۹ ہیں۔

سنگولہ کے اعوان بابا سجاولؒ کے اولاد ہیں۔ بابا سجاول کا بیٹا سادم خان المعروف شادو پکھلی ہزارہ سے براستہ مظفر آباد سنگولہ آیا اور یہاں ہی سکونت اختیار کر لی۔ سادم خان جو ہزارہ میں شادو مشہور ہیں کی اولاد پکھلی مانسہرہ کے مختلف علاقوں میں شدوال مشہور ہیں سادم خان کے دو بیٹے حمید اللہ عرف بڈھا بابا اور عبداللہ عرف کھائی بابا پونچھ آئے۔ ان دونوں کی اولاد سنگولہ اور اس کے گردو نواح میں پھیلی جن کی تعداد تیس ہزار تک ہے۔ بڈھا بابا کے پوتے سیٹ خان کی اولاد مقبوضہ کشمیر کے ضلع بارہ مولا کے گاؤں چندوسہ اور تحصیل اوڑی کے گاؤں وردکوٹ، سماں، تھاجل اور پاوڑی میں آباد ہے۔

ان اعوانوں کے جد امجد شادم خان کی قبر شریف چھتری (ضلع پونچھ) میں ہے شادم خان کے پوتے بہرام خان

کی قبر چوروٹ (متصل منگولہ) میں ہے۔ بہرام خان کے بیٹے اسماعیل خان اور جمال خان کی قبر ناڑ سے منگولہ میں جب کہ تیسرے بیٹے کی قبر تحصیل اوڑی مقبوضہ کشمیر میں ہے اسماعیل خان کی اولاد منگولہ کی ساتھوں وندوں میں آباد ہے اور جمال خان کی اولاد بھبوتہ (تحصیل راولا کوٹ) میں ہے۔ جمال خان کی اولاد جبوال کہلاتی ہے۔ بھبوتہ کی وجہ تسمیہ جمال خان کی نسبت سے ہے یہاں متصل منگولہ پوری وندا اعوان ہیں۔

ضلع باغ کی تحصیل حویلی میں ہلاں، ہلکی، شاہ پور، مندھار، علاقہ سدھروں پوس علاقہ بھیڑی کے گاؤں بیاڑاں، ڈوبہ اور موہری میدان میں اعوان قبیلہ کی آبادی موجود ہے۔

تحصیل باغ میں منگولہ کے علاوہ کیاٹ میں اعوانوں کی آبادی ہے۔ کیاٹ میں حاجی الہ یار کی اولاد ہے جب کہ بلڑ، ڈھکی چدی، سرسیداں اور چڑالہ میں شریف خانی اعوان آباد ہیں۔ بھلا، چھم گراں، تڑیولہ، بیاڑاں، ڈوبہ، موہری میدان میں سادم خان کی اولاد کے لوگ ہیں۔ بھٹی شریف اور ڈھل تاخیاں میں بھی اعوان قبیلہ کی آبادی موجود ہے۔

تحصیل دھیر کوٹ : ضلع باغ کی تیسری تحصیل دھیر کوٹ ہے، تحصیل دھیر کوٹ کے درجنوں دیہاتوں میں اعوان موجود ہیں رنگلہ، ڈھک، ٹیل، پلندرات، جمالہ، چوہڑ، جھولیاں، مندری، چناٹ، پلاہری چھپڑ، گھوڑی گیر، پدرستو اور چھچڑیاں میں آباد اعوان ہاشمی کہلاتے ہیں۔ اسی طرح دھیر کوٹ کے مغرب میں ہل سرنگ، مناسہ اور مغرب میں اعوان آباد ہیں جب کہ سینگلی، پلاہری، سوہاوہ، ارجہ گراں وغیرہ میں دیگر اعوان خاندان موجود ہیں تحصیل دھیر کوٹ کے جملہ دیہات میں اعوان تھوڑی تھوڑی تعداد میں ہیں وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ عام طور پر امام کے طور پر ہر گاؤں اور قصبہ میں انفرادی طور پر وارد ہوئے اور مستقل رہائش اختیار کر لی جہاں ان کی اولادیں موجود ہیں۔

منگولہ اور اس کے ملحق علاقوں میں اعوان قبیلہ کی بڑی آبادی موجود ہے لیکن ان علاقوں کو ضلع پونچھ اور ضلع باغ میں اس اس طرح تقسیم کیا گیا کہ یہ بٹ کر رہ گئے۔ منگولہ کے نزدیک ضلع پونچھ کی دو تحصیلوں راولا کوٹ اور ہجیرہ کی سرحدیں ملتی ہیں۔ اعوان دیہات یہاں بھی دونوں تحصیلوں میں اس طرح تقسیم کر دیئے گئے کہ کسی بھی حلقہ انتخاب میں اعوان قبیلہ اپنے بل بوتے پر ممبر اسمبلی منتخب کرانے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ آزاد کشمیر میں ایک واضح قبائلی معاشرہ موجود ہے جہاں قبائلی اکثریت کی بنیاد پر سیاست چلتی ہے۔ اعوان علاقوں میں کہیں بھی کوئی ایسا بڑا مرکز قائم نہیں ہوا جہاں سیاسی، تجارتی اور ثقافتی سرگرمیوں کے مراکز موجود ہوں۔ تمام بڑی بڑی شاہراہیں بھی دوسرے علاقوں سے گزرتی ہیں جہاں تعلیمی ادارے اور دیگر فلاحی مراکز قائم ہیں اس کے اعوان قبیلہ مجموعی طور پر ہر قسم کی مراعات سے محروم ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے آزاد کشمیر بھر میں صرف اعوانوں کو پسماندہ رکھنے کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ اعوان قبیلہ کی ثقافت و معاشرت میں ہر مقام پر

اسلامی رنگ نمایاں ہے۔ یہ لوگ غیر اسلامی روایات سے نفرت کرتے ہیں۔ اعوانوں کی غالب اکثریت زمینداری کے پیشہ سے منسلک ہے۔ کافی تعداد میں لوگ فوجی ملازمت کرتے ہیں۔ تلاش روزگار کے لئے بیرون ملک بھی جاتے ہیں۔ ضلع باغ کے لوگ عام طور پر آزاد کشمیر اور پاکستان کے شہروں میں ہوٹلنگ اور بیکری کے کاروبار سے منسلک ہیں جن میں اعوان بھی شامل ہیں۔ چند لوگ آزاد کشمیر کی انتظامیہ میں بھی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ضلع باغ کے اعوانوں کی تعلیمی حالت بھی دیگر اضلاع کے اعوانوں سے مختلف نہیں۔ یہ لوگ دینی تعلیم کو عام تعلیم پر ترجیح دیتے ہیں۔ ضلع بھر میں الاعوان ویلفیئر سوسائٹی آزاد کشمیر کی ڈیڑھ درجن سے زیادہ شاخیں قائم ہیں۔ درجنوں طلباء سوسائٹی کے مالی تعاون سے فارغ التحصیل ہو کر ملک و قوم کی خدمت میں مصروف ہیں جب کہ متعدد طلباء کامیابی سے تعلیمی منزلیں طے کرنے میں مصروف ہیں۔ مجموعی طور پر اعوان قبیلہ تعلیمی میدان میں دیگر قبیلوں کی نسبت پسماندگی کا شکار ہے۔

کشمیر کی جنگ آزادی ۱۹۴۷ء میں اعوان قبیلہ کے افراد نے بھرپور حصہ لیا تھا۔ جنگ شروع ہوتے ہی ضلع پونچھ اور باغ (سابق ضلع پونچھ) میں کئی مقامات پر جتھوں کو اکٹھا کیا گیا اور انہیں رجمنٹوں اور فارمیشنوں میں منظم کیا گیا۔ کرنل غلام رسول اعوان منگولہ جو بعد میں شیر جنگ ہوئے ایک منجھے ہوئے سپاہی تھے حیدر آباد دکن کی فوج میں کپتان کے عہدہ پر فائز رہنے کے بعد ریٹائرڈ ہوئے جنگ آزادی کے لئے انہوں نے ۱۳۲ اے کے رجمنٹ قائم کی جو اپنے علاقہ کے لوگوں کو تربیت دے کر خود اس کی کمان کرنے لگے۔ اسی طرح کرنل شیر عالم اعوان مرحوم تھرڈ بٹالین کے کمانڈر مقرر ہوئے۔ کرنل غلام رسول اعوان اور کرنل شیر عالم اعوان کی نمایاں جنگی مہارت اور بہادرانہ صلاحیت کی وجہ سے پونچھ محاذ پر دشمن کو پے در پے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ان مجاہدوں کے کارنامے تاریخ کا زریں باب ہیں۔ منگولہ کے سینکڑوں اعوان مجاہدوں نے جام شہادت نوش کیا۔ کرنل غلام رسول کو ان کی بہادری، نڈر قیادت اور بیش بہا کامیابیوں کے پیش نظر سب سے بڑے جنگی تمغہ "شیر جنگ" سے نوازا گیا۔ ملک غلام مرتضیٰ اعوان منگولہ نے شیر جنگ کے عنوان سے ایک کتاب لکھی ہے جس میں کرنل غلام رسول مرحوم اور دیگر مجاہدین کے نمایاں کارنامے تحریر میں لائے گئے ہیں۔

ضلع باغ کی سرحدوں کے اندر متعدد اعوان اولیائے کرام مدفون ہیں۔ بابا سجاول مشہور ولی اللہ کی اولاد میں درجنوں ولی کامل ہوئے ہیں۔ حضرت کے پوتے بڈھا بابا اور کیانی بابا کے مزارات منگولہ کے مقام پر مرجع خلائق ہیں جب کہ ایک بزرگ بہرام خان کا مزار چیروٹ متصل منگولہ میں ہے۔ بہرام خان کے بیٹوں اسماعیل خان اور جمال خان کے مزارات بھی منگولہ میں ہیں جب کہ تیسرے بیٹے سیٹ خان کا مزار بمقام پرستان تحصیل اوڑی مقبوضہ کشمیر میں باعث خیر و برکت ہے۔

غربی باغ میں رہنے والے اعوان خاندان میں بھی درجنوں ولی اللہ اور بزرگ کامل گزرے ہیں۔ قاضی شکور

اللہ' صاحب کرامت ولی اللہ تھے ان کے بیٹے قاضی رحمت اللہ بھی ولی کامل تھے۔ اس طرح قاضی غلام قادرؒ اولیاء کرام کی صف اول کے شاہ سوار تھے ان کا مزار جھولیاں میں مراجع خلائق ہے اسی خاندان کے پیر طریقت اور ولی کامل قاضی محمد حلیم اعوان کا مزار چلندراٹ میں عوام الناس کے لئے باعث خیرو برکت ہے۔

موضع ارجہ باغ کے اعوان : قطب شاہ علوی کی اٹھائیسویں پشت سے ایک بزرگ حافظ جان محمد وادی سون سکیسر ضلع شاہ پور (پنجاب) سے کشمیر کے علاقے مظفر آباد میں آباد ہوئے حافظ جان محمد کے فرزند قاضی نور محمد کی اولاد موضع ارجہ باغ میں آباد ہے۔ یہ قاضیان ارجہ سے مشہور ہیں۔ ارجہ کے علاوہ موضع چچیری اور موضع کھیالہ میں بھی یہ اعوان برادری آباد ہے۔

موضع دھمنی کے اعوان : تحصیل باغ اور تحصیل سدھنتی کے درمیانی علاقے کا نام موضع دھمنی ہے۔ یہاں پر شریف خان کی اولاد آباد ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو قطب شاہی دھمنی کہلاتے ہیں۔ ان کے بزرگ چوہاسیدن شاہ ضلع چکوال سے نقل مکانی کر کے سابق ضلع ہزارہ میں گئے پھر وہاں سے پہلے مظفر آباد اور بعد ازاں علاقہ پونچھ جاکر آباد ہوئے۔ شریف خان کی زیارت موضع سیور تحصیل و ضلع باغ میں موجود ہے۔ یہ برادری موضع جات' دھمنی' بکھر' گڑولے پاڑے (گوراہ) 'کوئیاں' پڈکوٹ' نامنوٹہ (پلندری)' موضع سر' بیتال میراہ' ڈھکی بندی (سدھنتی) پتراڑہ میں آباد ہے۔

ملوک شاہی اعوان : زمان علی کھوکھر بن قطب شاہ کی اٹھائیسویں پشت سے ایک بزرگ حافظ ملوک ضلع شاہ پور سے نقل مکانی کر کے ضلع مظفر آباد کے علاقہ چکار میں آباد ہوئے۔ انہی حافظ ملوک کی اولاد میں سے ایک شخص حافظ خان محمد پونچھ میں جاکر آباد ہوئے۔ حافظ خان محمد کی اولاد پونچھ کے موضع جات کھڑک' ہورنہ میرہ' پڑاٹ' رام چتن' سیور' کھڑک جھنڈا اور پوٹھ مکوالہ میں آباد ہے' یہ لوگ قاضی مشہور ہیں۔ محکمہ مال کے کاغذات میں ملوک شاہی گوت درج نہیں ہے بلکہ قاضی اعوان کا اندراج بعض جگہوں پر ملتا ہے۔

اعظم آباد کے ملک اعوان : ضلع جہلم سے ایک شخص اعظم خان نقل مکانی کر کے پونچھ کے علاقے منڈی اور اتولی کے پاس خالی جگہ پر قبضہ کر کے آباد ہو گیا۔ بعد میں یہ جگہ اعظم خان کے نام پر اعظم آباد مشہور ہوگئی۔ محکمہ مال کے کاغذات میں اعظم خان کی اولاد کی قوم ملک درج ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو اعوان ملک کہلاتے ہیں اور اعوان خاندان اعظم آباد سے پہچانے جاتے ہیں۔

شجرۂ نسب اعوانانِ باغ سنگولہ ونڈ دین

تاجو خان
نور دل
نقیر محمد
غلام حیدر
ہاشم
محمد بخش
جمس خان
حسن خاں
محمد اکبر شہید
محمد افسر شہید
محمد نور
نور عالم
میر عالم
محمد گلزار
محمد یونس
محمد یسین
جان محمد
دین محمد
علی محمد
محمد شریف
محمد رفیق
محمد صدیق
محمد خلیل
محمد حبیب
محمد حنیف
محمد اشرف
فیض بخش
روشن علی
نواب خان
دوست محمد
دلیل خان
زمان علی
سائیں
علی اکبر
سید زمان
سید امیر
سید حسین
سید عالم
سید احمد
عبد الغنی
عبد العزیز
اختر حسین
سیاب عالم
سبحان عالم
عبد المجید
عبد الحمید
امتیاز
بشارت
رحمت حسین
نذیر حسین
سہراب احمد
عبد الشبیر
عبد القدیر
سید محمد
سید اکبر
سید عبدل
صغیر حسین
شبیر حسین
عبد الجلیل
عبد الرزاق
عبد الغفور
عبد الشکور
پرویز اختر
جاوید اختر
نسیم اختر
عظیم خان
امیر علی
گوہر خان
ثابت علی
صحبت علی
محمد امیر
محمد بشیر
اعجاز احمد
فتح محمد
حسن محمد
عبدل خان
محمد اسحق
محمد فاروق
محمد جاوید
محمد منیر
محمد ندیم
محمد یوسف
محمد اکرم
محمد یونس
محمد الیاس
سجاول خان
کابل خان
بگا
کرم شیر
جمس خان
منشا خان
محمد افسر
باغ حسین
محمد صادق
روشن خان
ممتاز حسین
محمد رمضان
محمد ریاض
محمد فراز
طالب حسین
لیاقت حسین
خالق حسین
شوکت روشن

جداعلیٰ قبیلہ سعاولیال
کالا
جداعلیٰ قبیلہ ویرپال
ویرپال
محمد علی
بالا خان
ملکو
محمد بخش
سعاد اللہ
چھجڑ
مرزا
اچھو
صوبہ
غلام علی
رحیم اللہ
مومن
سیف خان
گلیاب خان
میرباز
شیرباز
جمن علی
محمد حسین
محمد علی
زمان علی
ملک کریم
صدیق
رفیق
محمد اکبر
فیروز
میر علی
شیر علی
خان محمد
سخی محمد
محمد اکبر
محمد ایوب
لطیف
محمد یٰسین
ریاض
رزاق
اشرف
لطیف
اختر
شیر خان
قاضی محمد
علی محمد
منگا جداعلیٰ قبیلہ منگیال
چھتا خان
کالو
عبدل
افضل
عارف
معرو
فضل
بہادر
پیر بخش
نور خان
خان محمد
یٰسین
یونس
حسن پیر
نخمیر
سرور
رنگی
علی اکبر
پیر بخش
اکبر حسین
محمد افضل
محمد سرور
گل اکبر
شیر اکبر
نور اکبر
خان اکبر

ہمانا ڑی/آگرہ

معراج
زربخش
نصراخان
جداعلی قبیلہ لالوال
لالو
حیات
مارچ
پھولا
تیمور المعروف
تمبروخان جداعلی قبیلہ تمبرال
بھنڈ
کالا
مہدی
میرمحمد
نیک محمد
یارمحمد
نیازمحمد
فیروز
میاں حسین
مستو
اکبرعلی
کرم بخش
علکو
فقیرمحمد
مانعلی
روشن علی
شیرعلی
ہست علی
منگل
محمدخان
گوہرخان
بازولی
محمدانسر
نوازش علی
عبدالرحمٰن
محمدیعقوب
عارف
ریشم
شریف
خلیل
سرورحکیم
جہانزاد
محمداکبر
محمدانسر
محمداسلم
حنیف
حمید
شیرخان
نورخان
عطامحمد
مرتضٰے
مصطفٰے
علی اصغر
میرزمان
میرعالم
محمدخلیل
محمداشرف
محمدیعقوب
محمدحسین
تھلہ
خفت
بہادرو
محمدعباس
الطاف
اسحاق
نصیر
ظہیر
خالد
طارق
اختر
شوکت
شاہ محمد
طفیل
نمتا
تاجو
جانو
کالا
یوسف علی
باسی خان
خان ولی
اسحاق
لطیف
حنیف
محمدخان
ریاض
غلام شبیر
طارق
ظفر
کاشف

شجرۂ نسب اعوانان کھٹی شریف تحصیل وضلع باغ

شجرہ نسب اعوانان موضع جات کھڑک۔ ہرنہیرہ۔ پڑاٹ رام پتن۔ سیور۔ پونچھ آزاد کشمیر

۱۰ حافظ عبدالحامی بن گورا علوی بن کالو بن تھراج علوی بن بھرتھ علوی بن گرگا علوی بن شیر محمد بن محمد شاہ بن عظمت اللہ بن حشمت اللہ بن غلام محی الدین بن خدا یار بن عبدالفاروق بن عبدالواحد بن عبدالباری بن عنایت اللہ بن کمال شاہ بن مست شاہ بن شمس شاہ بن عنایت اللہ۔ بن احمد شاہ بن جوگی شاہ بن ابراہیم شاہ بن بختو علوی بن دگیر ابن زمان علی شاہ عادی بن قطب شاہ علوی۔

پونچھ آزاد کشمیر

شجرۂ نسب اعوانان
موضع پڑال نالیاں۔ آزاد کشمیر

ولب اس کا بیٹا ساماں دھنگ

عزیز

گھنکا

ڈوم

رتن اس کا بیٹا لال

راج

ستو

بگجا اس کا بیٹا شیر

جد اعلیٰ

قبیلہ مصریال { مصری اس کے بیٹے فقیر گل ، نیکا ، علی شیر

بیلی ۔ اس کے بیٹے حسن علی ، ڈھوڈا ، ہستو

مرید

جد اعلیٰ ملکو

قبیلہ ملکال

بہادر علی نواب فتح شیر الہیا

ملکو

بہادر علی نواب فتح شیر الہیا

نعمت علی شہادت خان ہندو فقیر مردان علی محبت علی برہان

سنسار محمد محمد صادق وزیر محمد خان بہادر

محمد ریاست محمد حیات محمد رفاقت محمد شہزاد محمد اکرم

محمد اعظم محمد یوسف محمد ظہیر محمد حنیف محمد فضیلت محمد قیوم محمد رفیع محمد نعیم

محمد بشیر محمد عثمان ظہور احمد فیاض احمد

شاکر شیر محمد کرم الٰہی

لعل حسین ممتاز حسین علی حسین نور احمد محمد احمد

افتخار حسین آصف ناصر

شفاعت حسین یاقت حسین بشارت حسین

محمد عنایت محمد شفاعت محمد کفایت محمد زاہد

محمد ریاض محمد نذیر محمد عثمان

جہانداد غلام حسین محراب خان محمد شریف

خالد محمود رفعت محمود آصف محمود

شوکت حسین مسعود احمد اسد محمود احسان الحق اعجاز الحق

قمر الحسن فخر الحسن محمود الحسن

ولی محمد طالع محمد محسن محمد شفیع محمد منشاء

سکندر حیات عمر حیات قمر حیات محمد اسلم محمد افراز محمد شاہ اورنگزیب محمد صدیق

محمد اعجاز شاہباز محمد شہزاد

محمد مصطفیٰ محمد مرتضیٰ محمد اشفاق محمد اختر محمد ارشاد محمد امتیاز محمد مشتاق

شجرۂ نسب مولانا ملک حسام الدین خان

بمؤلف نسب الاعوان

سالار میر قطب حیدر شاہ
المعروف عون قطب شاہ
|
مزمل علی گلگاں
|
نواب
|
کلاب
|
بیر
|
نور
|
قادر
|
کالا
|
دلیپ
|
حادی
|
تاج
|
ناصر
|
نادر
|
حیات
|
لوڈی
|
جتو
|
کولھل
|
لستو
|
کلو
|
بڈھی
|
فرید
|
امیرا
|
نمقو
|
محمد علی
|
کرم بخش
|
علی مردان
|
مولانا ملک حسام الدین

شجرۂ نسب اعوانانِ پونچھ
مزمل علی کلگان بن قطب شاہ
کی اولاد
ماخوذ نسب الاعوان مرتبہ :- مولوی حسام الدین

شجرۂ نسب جہانداد خان اعوان ساکن نالیاں آزاد کشمیر

سالار میر قطب حیدر شاہ
المعروف عون قطب شاہ
|
سید ابو احمد
|
عبداللہ گولڑہ
|
احمد علی المشہور
|
بدر دین عرف بدھو
|
حسن دوست المشہور
|
سندوج یا سنجوت
|
سگر المشہور سگر یا سگھرا
|
ترابط
|
بدھن
|
سرجن
|
ہاتھو
|
دائم
|
لہب
|
سید عالم
|
دراب
|
امیر
|
شیر
|
دارن
|
قائم
|
مہندی
|
مراد
|
دلیپ
|
عزیز
|
گھسکا
|
ڈوم
|
رتن
|
راج
|
سنو
|
بچا
|
مصری
|
بیلی
|
مرید
|
ملکو
|
فتح شیر
|
مردان علی
|
جہانداد

عبداللہ خان (گگان)
عنایت خان (گگان)
منگن خان
محمد خان
جعفر خان
دوست محمد خان
علی بہادر خان
تراب علی خان
محمد حسین خان
اولاد
لڑکی

شجرہ نسب گل زمان قاسمہ چہلہ بانڈی تھیاں ضلع وتحصیل مظفرآباد

کھلو

امیر حیدر

شرف

تاج محمد

راج محمد

راول

شجرہ نسب اعوانان موضع بٹی - بھنہ (مظفر آباد آزاد کشمیر)

زمان علی کھوکھر بن قطب شاہ کی اٹھائیسویں پشت میں حافظ طوک بن شرف الدین
بن حافظ عبد الحاجی کے بیٹے قاضی حافظ باقر کی اولاد
(جو قاضی گوت سے مشہور ہیں)

مقبول حسین
عارف حسین
آصف حسین
عابد حسین
(لاولد)
قاضی محمد اکبر
قاضی غلام ربانی
قاضی محمد یونس
(لاولد)
قاضی ممتاز حسین
قاضی محمد نسیم
قاضی محمد سلیم
(حال ساکن پکھ شریف)
قاضی غلام رسول
قاضی خلیل الرحمٰن
قاضی عزیز الرحمٰن
(لاولد)
قاضی محمد اصغر
قاضی خلیق حسین
قاضی محمد ظفر
قاضی محمد منیر
قاضی اشتیاق
قاضی محمد اشفاق

(شجرۂ نسب)

شجرۂ نسب اعوانان موضع صالح گلی۔ (مظفرآباد۔ آزاد کشمیر۔)

قاضی عبدالشکور

- ۱ قاضی تاج محمد
  - محمد بخش
    - برکت اللہ (لاولد) دو لڑکیاں
    - قاضی احمد نور (لاولد) ایک لڑکی جنت نور
    - فقیر اللہ
      - ستار علی
        - منصف داد
      - فقیر علی
        - مقبول حسین
        - صابر حسین
      - سید علی لاولد
      - نادر علی
        - بدر زمان
        - شاہ زمان
        - یاقت علی
      - امیر
        - نور زمان
        - شیر زمان
        - الف زمان
  - قاضی محمد عالم (لاولد)
    - گل نشان
    - سید نشان
    - صاحب نشان
      - نور محمد
      - رحیم جان
      - محمد اعظم
      - فیض عالم
      - نور عالم
  - محمد نور (اولاد موضع بیروٹ ضلع ایبٹ آباد)
- ۲ قاضی جان محمد
- ۳ قاضی محمد نور
- ۴ قاضی غلام محی الدین
- ۵ قاضی دین محمد
- ۶ قاضی محمد شفیع
- قاضی [illegible]

حال ساکن بھریاں۔ مظفرآباد آزاد کشمیر

حال ساکن صالح گلی۔ مظفرآباد آزاد کشمیر

شجرہ نسب اعوان موضع جات دوہری نڑاڑ (کوہیکوٹ) (ضلع مظفر آباد)

شجرہ نسب موضع سبل کوٹ۔ پہل۔ برسالہ۔ بھروٹہ
خدا بخش
مظفرآباد شہر (ضلع مظفرآباد)
(اولاد مزمل علی کلگان)
شیر خان
منگو خان
بنوں خان
محمود خان
نور علی خان
خلیفہ میر محمد خان
خلیفہ فتح محمد خان
قاضی روح اللہ
تاج محمد
قاضی امیر اللہ
نور احمد
محمد غوث
فتح جنگ میں اولاد آباد ہے
محمد نیاز
اولاد پڑیالہ میں آباد ہے
پیر محمد
ملاں بخش
سبل کوٹ، پہل، برسالہ بھروٹہ میں آباد ہیں مشہور نام جبلی اولاد ہے شاہ زمان، فتح نور، ملاں نانان وغیرہ
نورا
جموں
ستار محمد
مولوی محمد نور
قاضی خیر محمد
کی اولاد صفحہ پر دیکھیں
محمد حسن
گل زمان
بھروٹہ نزد کوہالہ میں آباد ہے
ملاں صوفی
فقیر
ملاں فتح نور
ملاں برکت اللہ
رحمت اللہ
فیروز دین
محمد نصیب
محمد حسن
محمد جان
محمد حنیف
ظہور احمد
محمد زرین
محمد اقبال
راشد اقبال
محمد جاوید
سید اکبر
ولی اکبر
علی بہادر
محمد رفیق
محمد رشید
محمد شفیق
محمد زید
نثار خان
محمد اسد خان
مبشر خان
مزمل خان
مدثر خان
ذکی خان
محمد بشیر
منیر
محمد ظفر
محمد جمیل
شکور احمد
مولوی میر عالم
محمد دین
فیض رسول (لاولد)
غلام رسول (لاولد)
نور عالم
بابو محمد شفیع
جمال دین
محمد منیر
محمد شریف
ارشد محمود
(حال ساکن مظفرآباد شہر)
مصدق حسین
محمد صادق اعوان
خادم حسین اعوان
منیر احمد اعوان
نصیر احمد اعوان
وسیم اعوان
ابراہیم خان
عبداللہ
کالا خان
خانزمان
نذیر خان
اشرف خان
ارشد خان
یونس
صدیق
قاسم
عبدالقیوم
عبدالعزیز
محمد عرفان
مسکین
فضل الرحمن
ظہیر
عمران
فیاض

شجرہ نسب اعوانان موضع جات صالح گل پہل۔ برسالہ۔ سنبل کوٹ اور بھروڑہ (ضلع مظفر آباد میں) (اولاد مزمل علی کلگان)

جناب محبت حسین اعوان ایک عہد ساز شخصیت ہیں جنہوں نے 1975 میں محترم محمد خواص خان گولڑہ اعوان کی تصنیف ''تحقیق الاعوان'' کے نام سے ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی بنیاد رکھی۔ اوراب ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کو اب ٹرسٹ کا درجہ حاصل ہے جناب محبت حسین اعوان جن کے آباءواجداد مظفرآباد پچہ شریف سے بیروٹ ایبٹ آباد آباد ہوئے۔ ان کا خاندان قطب شاہی علوی اعوان از اولاد حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ، گولڑہ شاخ سے تعلق رکھتے ہیں اور قاضی گولڑہ مشہور ہیں۔ تاریخ اقوام پونچھ ص 649 پر درج ہے:۔

"حافظ جان محمد خان کے بزرگ کئی پشتوں سے سون سکیسر ضلع شاہ پور پنجاب میں آباد چلے آئے تھے۔لیکن حافظ جان محمد خود ضلع مظفر آباد علاقہ کشمیر میں آ کر آباد ہو گئے ان کے پانچ فرزند[۱۔قاضی عبدالشکور،۲۔حافظ محمود،۳۔حافظ شیخ محمد،۴۔قاضی عبدالغفور،۵۔قاضی عبدالکریم] قاضی شیر محمد[ولد قاضی عبدالغفور] کی اولاد ضلع مظفر آباد کے دیہات قومی کوٹ وہجیاں میں موجود ہے اور قاضی گل محمد اور قاضی شیخ محمد [پسران قاضی عبدالغفور] کی اولاد ضلع ہزارہ کے مواضعات بیہ و مشنبہ میں آباد ہے یہ لوگ درس و تدریس کا کام کرتے ہیں ارضیات کے مالک بھی ہیں اور زمیندار پیشہ ہیں۔۔۔حافظ جان محمد کی اولاد پونچھ کے کاغذات مال میں بھی اعوان ہی درج ہے۔۔۔ص 651 موضع چچیری تحصیل باغ کی نقل جمعبندی مثل حقیقت بابت 1964 بکرمی [بمطابق 1900ء] میں نمبر کھتونی نمبر ۲۲ اور نمبر کھیوٹ نمبر ۱۸ پر نام اسامی کے خانہ میں عبدالمجید و عبدالغنی و عبداللطیف و عبدالعزیز پسران فیض طلب ساکنان ارجہ کی قوم اعوان درج ہے اور خانہ کاشت کے حوال میں خود کاشت لکھا ہے"

نیز اس قبیلہ کی گوت گوند علی المعروف گوندل کی وجہ سے گوندل بھی کہلاتی ہے اس طرح جناب محبت حسین اعوان کی شاخ ڈوگرہ عہد حکومت میں مشہور و معروف کشمیری مورخ ،مصنف و ادیب فلاسفر محمد الدین فوق جو کے علامہ اقبال کے ساتھیوں میں سے تھے کی شہرہ آفاق کتاب تاریخ اقوام پونچھ میں محکمہ مال ریاست پونچھ کے حوالہ سے قطب شاہی علوی اعوان از اولاد حضرت محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے درج ہیں۔نیز یہ خاندان آزاد کشمیر کے علاقہ کھاوڑہ ،پچہ شریف ،وغیرہ میں گولڑہ قاضی کے معزز لقب سے مشہور و معروف ہے اور قاضیان کے نام سے جانا جاتا ہے یہ قبیلہ عہد قدیم ہی سے درس و تدریس کے ساتھ وابستہ رہا ہے اور اس قبیلہ میں معروف علمائے کرام و مشائخ عظام گزرے ہیں۔علاوہ ازیں ملک اصغر اعوان سابق ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر و پارلیمانی سیکرٹری ،کرنل الطاف اعوان ،کرنل انور اعوان اور ڈاکٹر خطاب اعوان

قابلِ ذکر قاضی گولڑہ اعوان مشہور ہیں۔اس شاخ کا تذکرہ تاریخ اقوام پونچھ کے علاوہ کتاب نسب الصالحین کے صفحہ 386،تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 1999ء کے ص 678،تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 2009ء کے ص 691،تحقیق الانساب جلد اوّل کے ص 94و تحقیق الانساب جلد دوئم کے ص 175و 575اور مختصر تاریخ علوی اعوان معہ ڈائریکٹری میں بھی تفصیل سے درج ہے۔جناب محبت حسین اعوان کی انتھک کوششوں سے ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان اب ایک مضبوط چٹان کی طرح قائم ہے جو برصغیر پاک و ہند کے علاوہ دیگر ممالک میں آباد قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا واحد نمائیدہ رجسٹرڈ ادارہ ہے۔بے شمار تحقیق دان،ریسرچر اور مولفین و مصنفین پیدا ہو چکے ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان سے وابستہ ہیں یہ سب جناب محبت حسین اعوان کے مرہون منت ہے۔آپ نے بذیل کتب تالیف فرمائی ہیں ''اعوان تاریخ کے آئینے میں'' کی اشاعت 1987ء ، اعوان مشائخ عظام 1989ء،اعوان ڈائریکٹری 1990،تاریخ علوی اعوان 1999ء،اسلام قانون اور مظلوم پاکستانی عورت 2000ء،اعوان شخصیات آزاد کشمیر (حصہ اوّل)، 2004ء،اسان نیں نبی پاک ﷺ اور (مری کی ڈھونڈی زبان میں)2006ء، اعوان اور اعوان گوتیں 2006ء،آخان (پہاڑی کہاوتیں)2009ء ،''تاریخ علوی اعوان'' ایڈیشن 2009ء CUSTOME PRACTIONERS GUIDE 2015،تاریخ خلاصۃ الاعوان 2017ء (اس کتاب میں اب تک کیے جانے والے تمام سوالات کے جوابات قدیم عربی،فارسی اور اردو کتب کے حوالہ سے مدلل و مفصل انداز میں دیے گئے ہیں) آپ کو تنظیم الاعوان سندھ اور تنظیم الاعوان آزاد کشمیر کی جانب سے آپ کی قبیلہ کے لئے بے پناہ خدمات پر

گولڈ میڈل عطا کیے گئے۔

جناب محبت حسین اعوان 24 / اگست 1949ء ضلع ایبٹ آباد کے گاؤں بیروٹ میں پیدا ہوئے محکمہ کسٹم سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد سندھ ہائی کورٹ کراچی میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 1999ء کے ص 678، نسب الصالحین کے ص 386، تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 2009ء کے ص 691، تحقیق الانساب جلد اوّل کے ص 94 و تحقیق الانساب جلد دوئم کے ص 175 و 575 مختصر تاریخ علوی اعوان صفحہ 4 و 30 تاریخ قطب شاہی علوی اعوان صفحہ 6 کے مطابق جناب محبت حسین اعوان کا شجرہ نسب یوں ہے:۔"محبت حسین اعوان بن محمد عبدالجلیل بن میاں میر حسن بن محمد نور بن قاضی تاج محمد بن قاضی عبدالشکور بن حافظ جان محمد بن مبارک خان بن فتح نور بن عبدالعزیز بن عبدالغفور بن چراغ بن سید ملک بن غلام مصطفیٰ بن احمد خان بن مہل خان بن تولال خان بن کالا خان بن لعل خان بن جموں خان بن گوندل خان بن ربیح بن دتو بن جوگی بن دیو بن ترکھو بن پیرمدھو بن طور بن بہادر علی بن حسن دوست بن احمد علی بن عبداللہ گولڑہ بن قطب حیدر شاہ غازی علوی بن ابوعلی عرف میر عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن محمد غازی بن علی غازی بن محمد آصف غازی بن عون عرف قطب غازی لقب بطل غازی بن علی عبدالمنان بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؓ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ"۔

نوٹ: تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 1999ء کے شجرہ ہائے نسب کے متعلقہ صفحات کی pdf بنائی گئی ہے۔مکمل پی ڈی ایف تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 2009ء کی بھی دستیاب ہے۔خواہش مند حضرات تمام ریفرنس بکس کی pdf محمد کریم اعوان واٹس ایپ نمبر 0312-9206639 پر رابطہ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔۔شکریہ۔

ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان (رجسٹرڈ) کراچی کے چند ذمہ داران

نام	عہدہ	موبائل نمبر
محبت حسین اعوان (کراچی)	چیئرمین	0300-8939799
محمد کریم اعوان (سنگولہ راولاکوٹ آزاد کشمیر)	وائس چیئرمین	0312-9206639
شوکت محمود اعوان (واہ کینٹ)	جنرل سیکرٹری	0300-9847582
ملک مشتاق الٰہی اعوان (مردوال وادی سون سکیسر)	سیکرٹری مالیات	0302-2144561
ملک شوکت حیات خان (راولاکوٹ آزاد کشمیر)	چیف آرگنائزر	0344-9565202
مختصر خان اعوان (بٹ گرام)	چیف آرگنائزر	0312-5230444
عبداللہ جان اعوان (آبپارہ اسلام آباد)	چیف آرگنائزر	0334-5150817
محمد عظیم باشا اعوان (مانسہرہ)	چیف آرگنائزر	0333-5020645
ملک محمد نذیر اعوان (لاہور)	چیف آرگنائزر بیرون ملک	0331-0487990
ڈاکٹر محمد نذیر اعوان (سراء مظفر آباد)	چیف آرگنائزر لائبریری	0344-5004421
قاضی فدا الرحمٰن اعوان (چکری روڈ راولپنڈی)	چیف میڈیا کوآرڈینیٹر	0312-9467545
ملک محمد اشرف خان اعوان (بھلیال گجر کہار)	چیف آرگنائزر صوبہ پنجاب	0333-5133659
ڈاکٹر محمد اقبال اعوان (گلاب آباد مانسہرہ)	چیف آرگنائزر صوبہ خیبر پختونخوا	0345-3388911
مدثر شمس اعوان (بٹیاں بالا)	چیف آرگنائزر آزاد کشمیر	0345-9733590
محمد رفیق اعوان ایڈووکیٹ (میرا جعفر اسلام آباد)	چیف آرگنائزر اسلام آباد	0321-5014988
فیصل محمود علوی (ڈیفنس آفیسر ہاؤسنگ اتھارٹی)	چیف آرگنائزر کراچی ڈویژن	0321-2931491
قاضی نیئر غنی اعوان (ریحہ بن راولاکوٹ پونچھ)	چیف آرگنائزر سعودیہ	0333-2074979
اعجاز یونس اعوان (جازان روڈ مکہ)	چیف آرگنائزر سعودی عربیہ	+966595997066
ملک تنویر علوی (راولپنڈی)	چیف آرگنائزر راولپنڈی ڈویژن	0300-52477727
پیر محمد نعیم چشتی علوی پیر شاہ دھا (خوشاب)	چیف آرگنائزر سرگودھا ڈویژن	0346-5248858
محمد اشرف خان اعوان (بٹگرام)	چیف آرگنائزر ہزارہ ڈویژن	0300-5804447
سہراب احمد اعوان (اعوان پٹی)	چیف آرگنائزر مظفر آباد ڈویژن	0312-5269936
قاضی اقبال حسین اعوان (برمنگ)	چیف آرگنائزر پونچھ ڈویژن	0300-5582692
ملک میر افضل اعوان (کاکوٹ ایبٹ آباد)	چیف آرگنائزر ضلع ایبٹ آباد	0301-8143847
عاصم شہزاد اعوان (مانسہرہ)	چیف آرگنائزر ضلع مانسہرہ	0300-8199910
ملک شاہ سوار علی ناصر (خوشاب)	چیف آرگنائزر ضلع خوشاب	0300-6011729
ملک محبوب الرسول قادری (جوہر آباد)	چیف آرگنائزر جوہر آباد خوشاب	0321-9429027
ڈاکٹر عمران حیدر علوی (پنڈ دادن)	چیف آرگنائزر ضلع جہلم	0345-3268914
حافظ محمود اعوان (راولپنڈی)	چیف آرگنائزر ضلع راولپنڈی	0312.5438382
شوکت حسین علوی (مری)	چیف کوآرڈینیٹر تحصیل مری	0315-5339063
معظم خلیق اعوان (چکوال)	چیف کوآرڈینیٹر تحصیل چکوال	0349-5642786
جی ایم اعوان (ڈھلی) کھبیکی وادی سون سکیسر	چیف کوآرڈینیٹر تحصیل نوشہرہ	0308-5472795
مولا بخش اعوان ساکن کھبیکی وادی سون سکیسر	چیف کوآرڈینیٹر کھبیکی وادی سون سکیسر	0300-8916462
اسد نسیم اعوان (سنگولہ)	چیف کوآرڈینیٹر تحصیل راولاکوٹ	0312-5880896
کاشف حسین اعوان (دوبجہ شریف مظفر آباد)	چیف کوآرڈینیٹر ضلع مظفر آباد	0345-5313451

شجرہ نسب علوی، بنی عون، اعوان، قطب شاہی اعوان

تحقیق: محمد کریم اعوان وائس چیئرمین ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان 0312-9206639

تصدیق شدہ مستند شجرہ نسب علوی اعوان (بنی عون)

(1)	(2)	(3)	(4)	(5)	(6)	(7)	(8)
کتاب نسب قریش عربی (156ھ-236ھ) ابی عبداللہ المصعب صفحہ 77	کتاب المعقبین عربی 214ھ-277ھ ابی الحسن یحییٰ ص 101	جمہرۃ الانساب العرب عربی (384ھ) ابی محمد علی بن احمد صفحہ 59	تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب عربی 449ھ ابی الحسن محمد ص 273-74	منتقلۃ الطالبیہ عربی 471ھ ابی اسماعیل ابراہیم طباطبا ص 303,352	المنتقب فی نسب قریش و خیار العرب عربی (656ھ) ابی عبداللہ بن یحییٰ صفحہ 26	منبع الانساب فارسی (830ھ) سید معین الحق جھونسوی ص 103، 363	بحر الانساب عربی (900 ہجری) تالیف السید محمد بن احمد صفحہ 245
ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب
علی	علی	علی	علی	علی	علی	علی المرتضیٰ	علی
محمد الاکبر [محمد حنفیہ]	محمد بن الحنفیہ	محمد بن الحنفیہ	محمد [حنفیہ]	محمد [حنفیہ]	محمد الاکبر [محمد حنفیہ]	ابو القاسم محمد حنیف	محمد بن الحنفیہ
علی	علی	علی	علی	علی	علی	علی عبد المنان	علی بن عون
عون	عون	عون	عون	عون	عون	عون عرف قطب غازی	عون
محمد [اسحل]	محمد		محمد اسحل	محمد اسحل	محمد [اسحل]	محمد آصف غازی	محمد
"بنی عون"			علی	علی	قبیلہ "بنی عون"	شاہ علی غازی	علی
			محمد [غازی] بن محمد [غازی]	محمد ابو الحسین حسینی		شاہ محمد غازی	محمد ابی الحسین یحییٰ بن الحسن علی
						طیب غازی	
						طاہر غازی	
						عطاء اللہ غازی	

مندرجہ بالا شجرہ نسب کی وضاحت اور حوالہ جاتی کتب کے لیے رابطہ کریں محمد کریم اعوان 0312-9206639

(9)	(10)	(11)	(12)	(13)	(14)	(15)	(16)
مرآت مسعودی فارسی (1037ھ) عبدالرحمٰن چشتی ص 7	تاریخ حیدری اردو (1909ء) مولوی حیدر علی اعوان ص 7	بحر الانساب اردو (1332ھ) سید محبوب شاہ داتا صفحہ 135	تحقیق الاعوان (1966ء) ایم خواص خان گولڑہ اعوان صفحہ 148، 156	تاریخ علوی اعوان (1999ء) محبت حسین اعوان صفحہ 347، 370	علامہ یوسف جبریلؒ تعارف علوی قبائل ص 10 وآنکس بک ص 637	حقیقت الاعوان (2002ء) صوبیدار (ر) محمد رفیق علوی صفحہ 32، 52	تاریخ سادات علوی اعوان مشائخ (2001ء) زین العابدین علوی ص 14، 33
ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب
علی	علی	علی	علی	حضرت علیؑ	علی	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	علی
محمد حنفیہؒ	محمد [محمد حنفیہ]	ابو القاسم محمد الاکبر	محمد الحنفیہ	محمد الاکبر [محمد حنفیہ]	محمد الحنفیہ	ابو القاسم محمد حنفیہ	محمد بن الحنفیہ
[علی] عبد المنان	عبد المنان غازی	علی	علی عبد المنان	علی عبد المنان	عبد المنان	عبد المنان غازی	علی
بطل غازی	بطل غازی	عون عرف قطب غازی بابا	عون عرف قطب غازی بابا	عون عرف قطب غازی	بطل غازی	بطل غازی	عبد المنان عون سکندر غازی
محمد آصف [اسحل]	محمد محمد آصف [اسحل]	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی	آصف غازی	آصف غازی	محمد آصف غازی	شاہ بطل غازی
عمر [علی] غازی	عمر [علی] غازی	شاہ غازی	شاہ عمر [علی]	شاہ غازی	عمر غازی	عمر غازی	شاہ عمر غازی
محمد غازی	محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	محمد غازی	محمد غازی	شاہ محمد غازی
طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	شاہ طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	شاہ طیب غازی
طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	شاہ طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	شاہ طاہر غازی
عطاء اللہ غازی	میر عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ غاز	عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ شاہ غازی	عطاء اللہ شاہ غازی
سالار ساہو غازی (دادا)	میر قطب حیدر	سالار ساہو غازی	میر قطب حیدر (قطب شاہ)	قطب حیدر شاہ	قطب حیدر شاہ غازی	سالار میر قطب شاہ غازی	حضرت قطب شاہ غازی
سالار مسعود غازی		سالار مسعود غازی	11 فرزندان	11 فرزندان		9 فرزندان	مزمل علی کلگان

(17)	(18)	(19)	(20)	(21)	(22)	(23)	(24)
تاریخ اعوان (2009ء) محمد سرور خان اعوان صفحہ 163، 241، 247، شجرہ 27	تاریخ قطب شاہی علوی اعوان (2015) محمد کریم اعوان ص 6	سوانحیات ملک قطب حیدر شاہ (2014) حافظ سیالوی ص 26	متنازعہ تواریخ (بزبان ایک نظر میں) پروفیسر بشیر احمد	تاریخ نیازی قبائل (2014) اقبال خان نیازی ص 1175	رشتل کارواں (2019) آمین یوسف زئی صفحہ 434	اعوان شخصیات (2019) محمد عظیم شاد صفحہ 4	حضرت بابا سجاول علوی قادری تاریخ کے آئینے میں (2019) محمد کریم اعوان ص 9
ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب
علی	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علیؑ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ
محمد حنفیہؒ	محمد الاکبر [محمد حنفیہ]	حضرت محمد بن حنفیہؒ	محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ)	محمد الاکبر [محمد حنفیہ]	حضرت محمد حنفیہؒ	حضرت محمد حنفیہؒ	حضرت محمد حنفیہؒ
علی	علی عبد المنان	غازی عبد المنان	علی عبد المنان	علی	غازی عبد المنان	علی عبد المنان	علی عبد المنان
عون عرف قطب غازی بابا	عون قطب غازی	غازی بطلؒ	عون عرف قطب غازی	بطل (بطال)	عون قطب غازی	عون عرف قطب غازی لقب بطل	عون عرف قطب غازی لقب بطل
محمد آصف غازی	محمد آصف (اسحل) غازی	ملک آصف	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی (محمد اسحل)	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی
سید شاہ غازی	شاہ غازی	غازی عمرؒ	شاہ علی غازی	عمر غازی	شاہ علی غازی	شاہ علی غازی	شاہ علی غازی
محمد غازی	شاہ محمد غازی	غازی محمدؒ	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	محمد غازی	شاہ محمد غازی
طیب غازی	طیب غازی	غازی طیبؒ	طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	شاہ طیب غازی
طاہر غازی	طاہر غازی	غازی طاہرؒ	طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	شاہ طاہر غازی
عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ غازی	غازی نور اللہ (عطاء اللہ)	عطاء اللہ غازی	ابطال عرف عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ غازی	عطاء اللہ شاہ غازی	عطاء اللہ شاہ غازی
شاہ غازی میر قطب حیدر	سالار میر قطب حیدر	حضرت ملک قطب شاہ	سالار قطب حیدر شاہ غازی	میر قطب حیدر شاہ علوی اعوان	قطب حیدر شاہ غازی	سالار میر قطب شاہ غازی	حضرت قطب شاہ غازی
ص 163، 9 بیٹے	11 فرزندان	گیارہ فرزندان		11 فرزندان	گیارہ فرزندان	9 فرزندان	11 فرزند

ابی طالب
↓
حضرت علی کرم اللہ وجہہ
↓
حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ
↓
علی عبد المنان
↓
عون عرف قطب غازی لقب بطل غازی (قطب شاہ بابا)
↓
محمد آصف غازی
↓
شاہ علی غازی
↓
شاہ محمد غازی
↓
طیب غازی
↓
طاہر غازی
↓
عطاء اللہ غازی
↓
قطب حیدر شاہ غازی علوی (قطب شاہ ثانی)

عبداللہ گولڑہ — محمد شاہ کندان — مزمل علی کلگان — محمد علی — بہادر علی — نجف علی — زمان علی کھوکھر — جہان شاہ — فتح علی — نادر علی — کرم علی

نوٹ: قطب شاہی علوی اعوان قبیلے کے شجرہ نسب کی تصدیق کے لیے یہاں چند کتب کا حوالہ دیا گیا ہے جب کہ ان کے علاوہ سینکڑوں کتب ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی لائبریری میں موجود ہیں جن کی عکسی نقول حسب الطلب مہیا کی جا سکتی ہیں